# مقابلہ مضمون نویسی 2019

عنوان

## طبی سہولیات و عملہ جات کے خلاف تشدد کا رجحان

بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی ( آئی سی آر سی ) کے تحت دنیا بھر میں طبی عملے کے خلاف تشدد کی روک تھام کے لیے ''ہیلتھ کئیر اِن ڈینجر'' کے عنوان سے مہم جاری ہے۔ پاکستان میں اس مہم کا آغاز 2014 میں ہوا۔ اس مہم کے تحت آئی سی آر سی نے ایک مفصل تحقیقی رپورٹ کا اجرا کیا جس میں کراچی کے طبی مراکز اور عملہ جات کو درپیش چیلنجز، ان کے اسباب وعوامل کی نشاندہی کی گئی تھی۔ متعلقہ ذمہ داران اور حکام کے لیے ضروری تجاویز بھی اس رپورٹ کا حصہ تھیں۔ تمام تر مراحل کو بخوبی طے کرنے کے بعد اس مہم کا آغاز اب پشاور اور دیگر شہروں میں ہوا ہے۔ پشاور میں طبی عملے کو درپیش تشدد جیسے چیلنج پر بھی ایک مفصل تحقیقی رپورٹ کا اجرا کیا جا چکا ہے۔ ان دونوں رپورٹوں کے لنک ذیل میں دیے جا رہے ہیں۔

شائع شدہ رپورٹوں کے مطابق تشدد کے زیادہ تر واقعات میں مریضوں کے تیماردار ملوث پائے گئے ہیں۔ گو کہ تشدد میں سب سے زیادہ شرح زبانی کلامی تشدد کی ریکارڈ کی گئی ہے مگر جسمانی تشدد کی شرح بھی کم نہیں ہے۔ تشدد کی وجوہات میں دیگر مختلف وجوہات کے علاوہ ایک وجہ سرکاری ہسپتالوں سے متعلق لوگوں کے عام منفی تصورات بھی ہیں۔

بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی ( آئی سی آر سی ) ہر سال مضمون نویسی کا دولسانی (انگریزی اور اردو) مقابلے کا اہتمام کرتی ہے۔ ان مقابلوں کے لیے ایسے موضوعات کا انتخاب کیا جاتا ہے جن کا تعلق براہ راست انسانی جان اور وقار کے تحفظ اور بقا کے ساتھ ہو۔ سال 2019 کے لیے آئی سی آر سی ''طبی عملہ جات وسہولیات کے خلاف تشدد کا رجحان'' کے عنوان سے مقابلہ مضمون نویسی کا اعلان کر رہی ہے۔ درج ذیل نکات مضمون کا محور ہوں گے

- طبی عملہ جات اور سہولیات کے خلاف تشدد کے رجحان کے اسباب کیا ہیں
- طبی سہولیات اور عملہ جات کے خلاف تشدد کے رجحان کے ذمہ دار کون ہیں
- کیا سرکاری ونجی ہسپتالوں میں تشدد کا رجحان یکساں ہے؟ اگر نہیں، تو کیوں؟
- کیا یہ سچ ہے کہ تیمارداروں کے رویے سرکاری ہسپتالوں کی نسبت نجی ہسپتالوں میں زیادہ خوشگوار ہوتے ہیں؟ اگر ہاں، تو کیوں؟
- ہسپتالوں اور طبی عملے سے متعلق میڈیا کی خبروں میں عمومی طور پر کتنی صداقت ہوتی ہے
- غیر مصدقہ اطلاعات طبی عملے کی زندگی اور ہسپتال میں ہونے والی طبی سرگرمیوں کو کس قدر متاثر کر سکتی ہے
- طبی سہولیات وعملہ جات کے خلاف تشدد کی روک تھام کے لیے آپ کی تجاویز کیا ہوں گیں؟

### انعامات

| | |
|---|---|
| اول انعام | اسی ہزار (80,000) |
| دوم انعام | ساٹھ ہزار (60,000) |
| سوم انعام | چالیس ہزار (40,000) |

جیتنے والوں کے اعزاز میں اسناد اور شیلڈز بھی پیش کی جائیں گیں۔

### اندراج کے لیے ہدایات

ایسا مواد جو کسی سیاسی ایجنڈے کے فروغ کو ظاہر کرتا ہو، کسی کی بدنامی کا باعث ہو، یا پھر اس میں کسی بھی طبقے کو نیچا دکھانے کے لیے امتیازی لب ولہجہ اختیار کیا گیا ہو، قابل قبول نہیں ہوگا۔

کسی بھی فرد کی طرف سے ذاتی اندراج کے علاوہ کوئی دوسرا اندراج یا مشترکہ اندراج قبول نہیں کیا جائے گا۔

جمع کروائے جانے والے مواد کے لیے لازم ہے کہ وہ حصہ لینے والے کی ذاتی محنت اور تحقیق پر مبنی ہو، سرقہ پر مبنی مواد کو مقابلے سے خارج تصور کیا جائے گا۔

جمع کروائے جانا والا مواد اس سے پہلے کہیں کسی جریدے، رسالے یا اخبار میں شائع نہ ہوا ہو، نیز اس سے پہلے کسی مقابلے کے لیے پیش بھی نہ کیا گیا ہو۔

اندراج کی آخری تاریخ
**26 اپریل 2019 ہے۔**

مقررہ تاریخ کے بعد کے تین دن میں بھی اندراج قبول کیا جا سکتا ہے مگر یہ اندراج دو نمبر فی دن کی کٹوتی کے ساتھ قبول کیا جائے گا۔

الفاظ کی حد حاشیئے کے علاوہ پانچ ہزار الفاظ رکھی گئی ہے

ٹائپ شدہ تحریری مواد پی ڈی ایف فائل میں بذریعہ ای میل ادارے کو
**icrc.isl.pk@gmail.com**
پر ارسال کیا جائے۔

ممکنہ سوالات کی صورت میں 0518842001 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
ای میل کا سبجیکٹ درج ذیل عنوان کے ساتھ ہونا چاہیئے "Submission: Essay Competition 2019"
سرورق پر اپنا نام، پتہ، شعبہ اور رابطہ نمبر درج کرنا نہ بھولیں۔

### اندراج کے لیے نمبرز کا معیار

| | |
|---|---|
| ٹھوس اور مستند مواد | 30 نمبر |
| تحقیقی معیار | 25 نمبر |
| ترتیب اور شائستگی | 25 نمبر |
| اردو لغت واملا | 10 نمبر |
| تالیف وتدوین | 10 نمبر |

### حصہ لینے کے لیے معیار

مقابلے میں بغیر کسی تخصیص کے کوئی بھی فرد حصہ لے سکتا ہے۔

### جیوری

فیصلہ کرنے والی جیوری آئی سی آر سی کے نمائندوں پر مشتمل ہوگی، جن کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔ جیتنے والے افراد کو بذریعہ ای میل جولائی میں آگاہ کر دیا جائے گا۔

مقابلے میں جیتنے والے مضامین کے جملہ حقوق بحق آئی سی آر سی محفوظ ہوں گے۔ آئی سی آر سی جب اور جہاں مناسب خیال کرے گی اس مواد کو کسی قسم کے معاوضے کی ادائیگی کے بغیر شائع کروانے کا حق رکھتی ہے۔

2015.0037/243 03.2019 150

**آئی سی آر سی اسلام آباد**
31، شبیر شریف روڈ، G-11 مرکز، اسلام آباد
فون: 2001 884 51 92+
فیکس: 4788 831 51 92+
ای میل: islamabad@icrc.org
ویب سائٹ: www.icrc.org
جملہ حقوق: آئی سی آر سی، مارچ 2019

**آئی سی آر سی پشاور**
مکان نمبر 40، جمال الدین افغانی روڈ،
یونیورسٹی ٹاؤن، پشاور
فون: +92 91 584 1916, +92 91 584 0146
ای میل: peshawar@icrc.org

facebook.com/ICRCpk
WhatsApp: +92 51 884 2080

ICRC